یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ٹیکسلا

ضابطہء اخلاق برائے امن وامان

حوالہ نمبر:۔ یو ای ٹی/ڈی ایس اے/ڈی آر۔ 499

تاریخ:۔ 24-07-2015

حکومت کی امن وامان کی پالیسی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے طلباء طالبات کی حفاظت اور جامعہ کے عمومی نظم ونسق کی بہتری اور تعلیمی وتحقیقی سرگرمیوں کی بلاتعطل فراہمی کے لئے مندرجہ ذیل ضابطہ اخلاق ترتیب دیا گیا ہے۔ جو طلباء اور جامعہ کے اہلکاروں پر یکساں لاگو ہوگا۔

1- طلباء سوسائیٹیز کے زیر اہتمام منظور شدہ پروگراموں کے علاوہ جامعہ میں ہر قسم کی سیاسی، نیم سیاسی، غیر سیاسی اور دیگر فرقہ وارانہ/علاقائی گروپ بندی اور سماجی پروگراموں کی ممانعت ہے۔

2- جامعہ میں کسی سکالر یا سپیکر کو بلانے سے قبل جامعہ کی انتظامیہ سے اجازت لینا لازمی ہوگا۔

3- طلباء کے قانونی ورثا/وزیٹرز کے علاوہ جامعہ میں کسی بھی مقصد کے لئے بیرونی عناصر کا داخلہ اور ہاسٹل، کامن رومز، مساجد وغیرہ میں قیام قطعاً ممنوع ہے۔

4- مساجد کے لئے حکومت پاکستان کے جاری کردہ ضابطہ اخلاق جس کی تشہیر پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے کردی گئی ہے کا اطلاق یونیورسٹی کی دونوں مساجد کے علاوہ تمام ہاسٹلز کے کمرہ ہائے نماز پر بھی ہوگا۔

5- مندرجہ بالا ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر یونیورسٹی قوانین کے مطابق کاروائی کی جائے گی۔

6- تمام متعلقہ افراد پر لازم ہے کہ اگر کہیں اس ضابطہء اخلاق کی خلاف ورزی ان کے علم میں آئے تو مندرجہ ذیل موبائل فون نمبرز پر انتظامیہ کے علم میں لائیں۔

(سکیورٹی ونگ حکومت پنجاب-0800-11111، ڈائریکٹر سیکورٹی-03335352797، سینئر وارڈن-03335212250، ڈی ایس اے-03005136894)

7- مذکورہ بالا ضابطہ اخلاق کے اجراء کے بعد تمام تدریسی اور انتظامی شعبوں کے سربراہوں پر لازم ہوگا کہ اپنے ماتحتوں کو اس ضابطہء اخلاق کا پابند بنائیں۔ اگر کسی شعبہ میں ضابطہء اخلاق کی خلاف ورزی کا ارتکاب ہوا تو شعبہ کا سربراہ ذمہ دار ہوگا۔

یہ ضابطہء اخلاق مجاز منتظم کے حکم سے جاری کیا گیا ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر طاہر ندیم ملک

(ڈائریکٹر سٹوڈنٹ افیئرز)

کاپی برائے:۔

1- تمام ڈین وچیئرمین 2- تمام سیکشن انچارج 3- مساجد کمیٹی

4- سینئر وارڈن 5- سیکرٹری ٹو وائس چانسلر 6- تمام نوٹس بورڈ (ہاسٹلز، ڈیپارٹمنٹس)